CAREERINDIA

**Series RSH/1**

کوڈ نمبر
Code No. **48/1/1**

Roll No. ☐☐☐☐☐☐☐☐ رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- جانچ لیجئے کہ اس پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات کی کُل تعداد 6 اور ایک نقشہ ہے۔
- طالب علم کو پرچہ کے اوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر جوابی کاپی کے اُوپری صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- جانچ لیجئے کہ اس پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 30 ہے۔
- کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اس کا پرچہ کے مطابق سلسلہ نمبر جوابی کاپی میں لکھ دیجئے۔
- پرچہ کے سوالات کو پڑھنے کے لئے آپ کو 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ پرچہ 10 بجکر 15 منٹ تک طلباء میں تقسیم کردیا جائے گا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ کے وقت میں طلباء پرچہ کے سوال پڑھ لیں اس وقت کے دوران طلباء پرچہ کے سوالوں کے جواب لکھنا شروع نہیں کرسکتے۔

- Please check that this question paper contains **6** printed pages + **1** Map
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **30** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer script during this period.

مجموعی امتحان -II

**SUMMATIVE ASSESSMENT-II**

سوشل سائنس

# SOCIAL SCIENCE

**(Urdu Version)**

مقررہ وقت: 3 گھنٹہ | کل نمبر: 90

Time allowed : 3 hours ] [Maximum marks : 90

[P.T.O.

**عام ہدایات:**

(i) اِس پرچہ میں کُل 30 سوال ہیں۔ سبھی سوال لازمی قسم کے ہیں۔

(ii) سلسلہ نمبر 1 سے 9 تک کے سوال کثیر جوابی ممکنت کے ہیں۔ یہ ہر ایک سوال ایک نمبر کا ہے۔

(iii) سِلسلہ نمبر 10 سے 21 تک کا ہر سوال تین تین نمبروں کا ہے۔ فی سوال جواب 80 الفاظ تک ہوسکتا ہے۔

(iv) سِلسلہ نمبر 22 سے 29 تک کا ہر سوال پانچ پانچ نمبروں کا ہے۔ اِنکے فی سوال جواب 120 الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔

(v) سِلسلہ نمبر 30 کا سوال نقشہ مطعلقہ ہے اور یہ پانچ نمبروں کا ہے ( 2 نمبر تاریخ سے اور 3 نمبر جغرافیہ سے)۔
بعد از اندراج نقشہ کو جوابی کاپی کے اندر باندھ دیجئے۔

**1.** مندرجہ ذیل ناموں میں سے ایک فرانسیسی اَیکٹر (اداکار) کی پہچان کیجیۓ جس نے اپنے خوابوں کی بِنا پر دُنیا کی چار تصویریں بنائیں۔ 1

(A) کِتا گاوا اُتامارو

(B) رِچرڈ ایم۔ ہو

(C) والٹیئر

(D) فریڈرک سَوریُو

**یا**

مندرجہ ذیل میں سے کون اُس فرانسیسی ٹیم کا ایک ممبر تھا جس نے میکانگ دریا کی سیاحت کی؟

(A) پال برنارڈ

(B) لیانگ کیچاؤ

(C) ہوینھ پھُو سو

(D) گارنیئر

**2.** مندرجہ ذیل تاریخوں میں سے کِس پر عدم تعاون تحریک شروع ہُوئی؟ 1

(A) جنوری 1921

(B) نومبر 1921

(C) دسمبر 1921

(D) مئی 1921

CAREERINDIA

3. مندرجہ ذیل بندرگاہوں میں سے کون ایک گُنجان، قدرتی اور اچھی باحفاظت پناہ گاہ ہے؟ 1

(A) کول کاتہ

(B) چینئی

(C) مُمبئی

(D) وشاکھاپٹنم

4. نیپال میں اپریل 2006 کو تحریک شروع کرنے کا مندرجہ ذیل میں سے کونسا خاص مقصد تھا؟ 1

(A) حکومت پر قابُو پانا

(B) بادشاہ سے حکومت چھیننا

(C) پھر سے جمہوریت کو قائم کرنا

(D) بادشاہ کو تخت سے اُتارنا

5. مندرجہ ذیل میں سے کِس ملک میں ایک پارٹی سسٹم کام کرتا ہے؟ 1

(A) چین

(B) اِنڈوچائنا

(C) جاپان

(D) جرمنی

6. مندرجہ ذیل میں سے کونسی ایک خصوصیت لگ بھگ سبھی جمہوریتوں میں پائی جاتی ہے؟ 1

(A) اُن میں باضابطہ مُلکی آئین پایا جاتا ہے۔

(B) اُن میں باقاعدہ چُناؤ ہوتے ہیں۔

(C) اُن میں سیاسی پارٹیاں ہوتی ہیں۔

(D) یہ سبھی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

7. مندرجہ ذیل میں سے کون ہندوستان کے گاؤں کے گھروں میں اُدھار کا خاص غیر رسمی ذریعہ ہوتا ہے؟ 1

(A) دوست

(B) رِشتہ دار

(C) زمین مالِک

(D) روپیہ قرض دینے والا

8. مندرجہ ذیل میں سے کون خارجی تجارت پر روک ہے۔ 1

(A) درآمد پر ٹیکس

(B) کوالٹی کنٹرول

(C) بکری ٹیکس

(D) مقامی تجارت پر ٹیکس

9. مندرجہ ذیل میں سے کس چیز پر I.S.I. کا نشان پایا جا سکتا ہے؟ 1

(A) زیورات

(B) کھانے کا تیل

(C) بجلی کا سامان

(D) کھانے کا اناج

10. اِٹلی کے متحد ہونے کے عمل کی وضاحت کیجئے۔ 3

یا

میکانگ کے ڈیلٹا میں کاشت کو فروغ دینے والے فرانس کے کنھیں تین اقدام کی وضاحت کیجئے۔

11. پہلی عالمی جنگ نے کس طرح ہندوستان میں ایک نئی معاشی صورت پیدا کر دی؟

تین مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔ 3x1=3

12. ہندوستان کے لوگوں نے رولیٹ ایکٹ کی مخالفت کیسے کی؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔ 3x1=3

CAREERINDIA

13. مثالیں دیکر دھاتی اور غیر دھاتی معدنیات میں فرق کیجئے۔ 3

14. ہندوستان میں سب سے زیادہ مینگانیز حاصل کرنے والی ریاست کونسی ہے؟
مینگانیز کے کوئی چار اِستعمال بیان کیجئے۔ 1+2=3

15. ''کاشت اور صنعت دست بدست چلتے ہیں'' تین مثالیں دیکر اِس بیان کا تجزیہ پیش کیجئے۔ 3x1=3

16. اُس قومی سیاسی پارٹی کا نام لیجئے جو ہندوستان کے پرانے رواجوں اور قدروں سے سمجھ حاصل کرتی ہے۔
اِس پارٹی کی کوئی چار خصوصیات بیان کیجئے۔ 1+2=3

17. کثیر قومی کمپنیاں اپنی صنعتی اشیاء کی پیداکاری لاگت کو کم کیسے رکھ پاتی ہیں۔ مثالیں دیکر واضح کیجئے۔ 3x1=3

18. ''صرف با قانون آئینی تبدیلیاں لانے سے جمہوریت کے سامنے آنے والی چنوتیوں کا سامنا نہیں کیا جاسکتا''۔
اِس بیان کو ایک مثال دیکر صحیح ثابت کیجئے۔ 3

19. نقدی کو کس طرح مبادلہ کے ذریعہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے؟ مثالیں دیکر واضح کیجئے۔ 3x1=3

20. ''ایک بہترین حکومت نہ فقط خود کو رشوت ستانی سے دور رکھے گی بلکہ رشوت ستانی اور کالے پیسے کا مقابلہ کرنے کو سب سے زیادہ اہمیت دے گی''اِس بیان سے وابستہ قدروں پر روشنی ڈالتے ہوئے اِسکی تصدیق کیجئے۔ 3

21. ہم بازار میں کس طرح بطور پیداکار اور استعمال کار ساتھ ساتھ حصّہ لیتے ہیں۔ تین مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔ 3x1=3

22. یُورپ میں 'قوم' کا تصور پیدا کرنے میں تہذیب نے کس طرح ایک اہم اثر دِکھایا؟ مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔ 5x1=5

یا

جاپان اور چین نے ایک جمہوری ملک قائم کرنے کے لیے ویت نامی قوم پرستوں کو کیسے اُبھارا؟
مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔

23. '' غیر فوجی عُدول حکمی تحریک میں دِلتوں کی شراکت بہت محدود تھی''۔ اِس بیان کی جانچ کیجئے۔ 5

24. ہندوستان میں صنعتی آلودہ کاری کو قابو میں رکھنے کے کوئی پانچ طریقے واضح کیجئے۔ 5x1=5

.25 ہندوستان میں باسڑک نقل وحمل کے سامنے آنے والی کوئی پانچ بڑی مشکلات کو بیان کیجیے۔ 5x1=5

.26 نیپالی لوگوں کی جدوجہد کس طرح ساری دُنیا کے جمہوریّت پسندوں کے لیئے ایک اُبھار ثابت ہوئی واضح کیجیے۔ 5

.27 '' جمہوریت ایک اچھا اصول ہے لیکن عملی طور پر اتنی اچھی نہیں ہے '' اِس بیان کی تصدیق کیجیے۔ 5

.28 حالیہ سالوں میں ہمارے بازاروں میں کیا تبدیلیاں آئی ہیں؟ مثالیں دیکر سمجھایئے۔ 5x1=5

.29 صارفوں کی حفاظت کے لیئے اصولوں اور قاعدوں کی کیوں ضرورت ہوتی ہے؟ مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔ 5x1=5

(30-1) آپ کو دیئے گئے ہندوستان کے سیاسی خاکہ پر دو نشان A اور B لگائے گئے ہیں۔
ذیلی جان کاری کی مدد سے اِن کی پہچان کیجیے اور نقشہ میں دیئے گئے خطوں پر ان کے صحیح نام لکھیئے۔ 2x1=2

A ۔ وہ جگہ جہاں دسمبر 1920 میں ہندوستانی قومی کانگریس کا جلسہ ہوا تھا۔

B ۔ وہ جگہ جہاں 'نیل کے کاشت کاروں کی تحریک' شروع کی گئی۔

(30-2) اِسی دئے گئے ہندوستان کے سیاسی خاکہ پر مندرجہ ذیل کی جگہ وقوع پہچان کر موزوں نشانات سے نشان زد کیجیے۔ 3x1=3

(i) کلپکم ۔ نیوکلیئر توانائی کارخانہ

(ii) بھدراوتی ۔ لوہے اور فولاد کا کارخانہ

(iii) کوچی ۔ بڑی سمندری بندرگاہ

نوٹ: ذیلی سوالات سوال نمبر 30 کے عوض میں صرف نابینا طلبا کے لیئے ہیں 5x1=5

(30-1) اُس جگہ کا نام لکھیں جہاں دسمبر 1920 میں ہندوستانی قومی کانگریس کا اجلاس ہوا تھا۔

(30-2) 'نیل کے کاشت کاروں کی تحریک' کس جگہ سے شروع ہوئی تھی۔

(30-3) اُتر پردیش میں واقع نیوکلیئر کارخانہ کا نام لکھیں

(30-4) چھتیس گڑھ میں واقع لوہے اور فولاد کے کارخانہ کا نام لکھیں۔

(30-5) ہندوستان کے سب سے جنوبی حصّہ میں واقع بڑی سمندری بندرگاہ کونسی ہے؟

MAP For Q. No. 30.1, 30.2

